# 72915 ۔ ذی روح كے جسم كے بغير چہرے كے اعضاء كے خاكے بنانے كا حكم

**سوال**

كيا انسان كا بغير اعضاء يعنى ناك كان وغيرہ كے بغير چہرہ بنانا جائز ہے، اور اگر جائز ہے تو كيا انسان كا ہر جانب سے بغير اعضاء ناك كان اور منہ كے چہرہ بنانا جائز ہے ؟

**پسنديدہ جواب**

الحمد للہ.

نبى كريم صلى اللہ عليہ وسلم نے بتايا ہے كہ جو شخص تصوير بناتا ہے ۔ چاہے وہ نقش و نگار اور خاكے يا كريد كر بنائى ہو ۔ اسے روز قيامت عذاب ديا جائيگا، اور حرام تصوير ميں انسان اور حيوان اور پرندے وغيرہ ذى روح كى تصوير شامل ہيں، اس كى دليل حديث ميں نبى كريم صلى اللہ عليہ وسلم كا يہ فرمان ہے:

" جو تم نے بنايا ہے اسے زندہ كرو "

عبد اللہ بن عمر رضى اللہ تعالى عنہما بيان كرتے ہيں كہ رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم نے فرمايا:

" جو لوگ يہ تصويريں بناتے ہيں انہيں روز قيامت عذاب ديا جائيگا، اور انہيں كہا جائيگا تم نے جو بنايا ہے اسے زندہ كرو "

صحيح بخارى حديث نمبر ( 56047 ) صحيح مسلم حديث نمبر ( 2108 ).

ظاہر يہ ہوتا ہے كہ جو تصوير پورى نہ ہو اور چہرے كے كان ناك وغيرہ نہ ہوں تو يہ حرام تصوير ميں شامل نہيں ہوتى، اور نہ ہى اسے بنانے والے اس وعيد ميں داخل ہوتے ہيں؛ كيونكہ اس پر تصوير كا نام صادق نہيں آتا؛ اور نہ ہى يہ تصوير اللہ تعالى كے مخلوق پيدا كرنے ميں مشابہت نہيں.

عائشہ رضى اللہ تعالى عنہا بيان كرتى ہيں كہ رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم نے فرمايا:

" روز قيامت سب سے زيادہ شديد عذاب انہيں ہو گا جو اللہ تعالى كى مخلوق بنانے ميں مشابہت كرتے ہيں "

صحيح بخارى حديث نمبر ( 5610 ) صحيح مسلم حديث نمبر ( 2107 ).

شیخ محمد بن صالح العثیمین رحمہ اللہ کہتے ہیں:

" رہا روئی کا مسئلہ جس کی شکل و صورت واضح نہیں ہوتی حالانکہ اعضاء اور سر اور گردن ہوتی ہے، لیکن اس میں آنکھ کان اور منہ نہیں تو اس میں کوئی حرج نہیں؛ کیونکہ یہ اللہ تعالی کی مخلوق پیدا کرنے میں مشابہت نہیں " انتہی.

دیکھیں: مجموع فتاوی الشیخ ابن عثیمین ( 2 ) سوال نمبر ( 330 ).

اور شیخ رحمہ اللہ کا یہ بھی کہنا ہے:

" جس نے بھی کوئی ایسی چیز بنائی جو اللہ تعالی کی مخلوق پیدا کرنے میں مشابہ ہو، تو وہ درج ذیل حدیث میں داخل ہے:

" نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مصوروں پر لعنت فرمائی ... "

اور ایک حدیث میں نبکریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" روز قیامت سب سے زیادہ شدید عذاب مصوروں کو ہو گا "

لیکن جیسا میں نے کہا ہے: کہ جب تصویر واضح نہ ہو یعنی اس میں نہ تو آنکھ اور نہ ہی کان اور منہ اور انگلیاں ہوں تو یہ پوری تصویر نہیں، اور نہ ہی اللہ تعالی کی مخلوق پیدا کرنے کے مشابہ ہے " انتہی.

دیکھیں: مجموع فتاوی الشیخ ابن عثیمین ( 2 ) سوال نمبر ( 331 ).

واللہ اعلم .